
باغبانی اور کسانی



ڈاکٹر محمد تقی علی عابدی

باغبانی اور کسانی

ڈاکٹر محمد تقی علی عابدی
شعبۂ علوم مشرقیہ (عربی و فارسی)
دانشگاہ لکھنؤ

کتاب کا نام	باغبانی اور کسانی
مخطوطہ کا نام	رسالۂ نخلبندی
مصنف	حکیم امان اللہ خان امانی حسینی
مدون و مترجم	ڈاکٹر محمد تقی علی عابدی
کمپوزنگ	آئیڈیل کمپیوٹر سینٹر، کالے کی گلی، مفتی گنج، لکھنؤ۔
ناشر	ڈاکٹر محمد تقی علی عابدی
سنہ اشاعت	۱۹۹۷ء
مطبع	اے۔ بی۔ سی آفسٹ پریس دہلی
قیمت	۱۰۰ روپیہ
تعداد اشاعت	چار سو (۴۰۰)

تقسیم کار

۱۔ ڈاکٹر محمد تقی علی عابدی، حیدر منزل، ۵۰/۴، نیو مفتی گنج، لکھنؤ۔
۲۔ دانش محل، امین آباد، لکھنؤ۔
۳۔ نصرت پبلشرز، امین آباد، لکھنؤ۔

عباس بک ایجنسی رستم نگر درگاہ حضرت عباس لکھنؤ فون: 260756

باغبانی اور کسانی

(عہد مغلیہ کے ایک خطی نسخہ "رسالہء نخلبندی" کا ترجمہ و تدوین)

مصنف
حکیم امان اللہ خان امانی حسینی
مدون و مترجم
ڈاکٹر محمد تقی علی عابدی
(گولڈ میڈلسٹ)

BAGHBANI AUR KISANI

(A PERSIAN MANUSCRIPT ON AGRICULTURE)

RISALA-E-NAKHLA BANDI

WRITEN BY

HAKEEM AMANULLAH KHAN AMANI HUSAINI

EDITED AND TRANSLATED BY

DR. MOHD. TAQI ALI ABIDI

(Gold Medallist)

قرآن کریم میں ہے کہ

(آیا تم نے اس میں بھی غور کیا کہ جو بیج تم بوتے ہو۔ کیا تم اس کو
اگاتے ہو یا ہم اگانے والے ہیں؟)

(سورہ الواقعہ، آیت نمبر ۶۳،۶۴)

اور معصومین (ع) نے ارشاد فرمایا

۱۔ چوتھے امام، امام زین العابدین علیہ السلام

"کھیتی کرو اور باغ لگاؤ۔ جس سے سب کو رزق پہونچتا ہے۔ انسانوں کے علاوہ حیوانات و پرندے تک اس سے فیض پاتے ہیں۔"

۲۔ چھٹے امام، امام جعفر صادق علیہ السلام

"کھیتی (زراعت) کرنا سب سے بڑی کیمیا ہے۔ کاشتکار تمام انسانوں کا خزانہ ہیں۔ جو زمین کو بوتے جوتتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ انہیں پاک و پاکیزہ روزی عنایت فرماتا ہے اور وہ مقربین میں شمار ہوں گے۔ بشرطیکہ مومن بھی ہوں۔"

یہ کتاب
فخرالدین علی احمد میموریل کمیٹی،
حکومت اتر پردیش، لکھنؤ
کے
مالی تعاون سے شائع ہوئی۔

مدون و مترجم کی دوسری تصنیفات

۱- پروین اعتصامی حالات اور شاعری، نامی پریس، لکھنؤ، ۱۹۸۴ء-

۲- جدید فارسی شاعری، نامی پریس، لکھنؤ، ۱۹۸۸ء-

(اتر پردیش اردو اکادمی، لکھنؤ سے انعام یافتہ)

۳- فارسی ادب کی شخصیات، نظامی آفسیٹ پریس، لکھنؤ، ۱۹۹۲ء-

(اتر پردیش اردو اکادمی، لکھنؤ سے انعام یافتہ)

(مذکورہ تینوں کتابیں فخر الدین علی احمد میموریل کمیٹی، حکومت اتر پردیش، لکھنؤ کے مالی تعاون سے شائع)

۴- اسلام اور جنسیات، عباس بک ایجنسی، لکھنؤ، ۱۹۹۴ء-

۵- اسلام اور سیکس، عباس بک ایجنسی، لکھنؤ، ۱۹۹۵ء-

۶- امامیہ نماز، عباس بک ایجنسی، لکھنؤ، ۱۹۹۷ء-

۷- ترجمہ و تذکرہ عقد ثریا (زیر طبع)

۸- تحفۃ العوام (زیر طبع)

فہرست

عکس مخطوطات

"آغشته ایم هر سر خاری بخون دل
قانون باغبانی صحرا نوشته ایم"
غالب دهلوی

"یادداشت"

میں نے ۲۲ نومبر ۱۹۸۲ء کو ہسٹری آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی پروجکٹ، نسٹیڈس (سی۔ایس۔آئی۔آر۔) لکھنؤ میں ریسرچ فیلو کی حیثیت سے ذمہ داری سنبھالی۔ اس پروجکٹ میں، میں نے ابتداء میں طبیعاتی فلسفہ پر ملا محمود جونپوری کی عربی کتاب "شمس بازغہ" کا اردو اور ہندی میں ترجمہ کیا۔جس کو چھپوانے کی ذمہ داری صدر دفتر (دہلی) نے لی۔ بعدمیں، راقم نے ترجمہ کی کتابت اور کمپوزنگ کا پروف بھی پڑھا۔ جس پر سابق ڈائریکٹر نسٹیڈس پروفیسر اے۔ رحمان کا تعارف اور لکھنؤ پروجکٹ کے پروجکٹ انچارج پروفیسر وزیر حسن عابدی کا پیش لفظ تھا۔لیکن ابھی تک یہ اطلاع نہ مل سکی کہ مذکورہ ترجمہ شائع ہوایانہیں۔

اسی پروجکٹ میں راقم الحروف نے دوسرے اور کاموں کے ساتھ "باغبانی اور کسانی" سے متعلق فارسی مخطوطہ "رسالہ نخلبندی" کا بھی اردو اور ہندی میں ترجمہ کیا۔ اسی بیچ ڈاکٹر عرفان حبیب کی کتاب "مغل ہندوستان کا طریق زراعت" کا مطالعہ کیا۔اس سے یہ اطلاع ملی کہ "رسالہ نخلبندی" کی جدی تصنیف "گنج باد آورد" ہے۔ لہٰذا "گنج باد آورد" کے نسخوں کو تلاش کیا۔ تلاش و جستجو کے بعد احساس ہوا کہ رسالہ نخلبندی کے کئی مصنف اور نام ہیں۔ چنانچہ اس پر تفصیلی بحث بعنوان "رسالہ نخلبندیہ کا مصنف اور مآخذ" لکھی۔ جو سہ ماہی "دانش"، اسلام آباد، پاکستان کے شمارہ نمبر "۱۰" ۱۹۸۸ء، میں شائع ہوئی۔

مذکورہ رسالہ پر تحقیقی کام چل ہی رہا تھا کہ نسٹیڈس کے صدر دفتر سے اطلاع ملی کہ لکھنؤ کا پروجکٹ ۳۰ اپریل ۱۹۸۸ء کو بند کر دیا جائے گا۔ مجھے سخت تشویش ہوئی کہ کہیں

مذکورہ رسالہ پر کی گئی میری محنت رائگاں نہ ہو جائے۔ اس احساس کے پیش نظر میری مسلسل تلاش و جستجو جاری رہی۔ اسی تلاش و جستجو کا نتیجہ ہے کہ اب "رسالۂ نخلبندی" کے مصنف حکیم امان اللہ خان امانی حسینی کابلی ثم ہندستانی کے حالات اور تصنیفات کا مختصر تعارف اور رسالۂ نخلبندی کا متن مع اختلافات نسخ اور ترجمہ کے پیش کیا جارہا ہے۔ متن اور ترجمہ کو پیش کرنے میں یہ کوشش کی گئی ہے کہ قریب قریب متن کے مقابل صفحہ پر ترجمہ کو دیا جائے۔ جس سے تقریباً سبھی صفحات پر متن یا ترجمہ کی دو چار سطریں آگے پیچھے ہوگئی ہیں۔ جہاں ترجمہ نے دو صفحات (دیکھیے ص ۵۵ و ۵۷، ۶۹ و ۷۱ اور ۱۱۵ و ۱۱۷) گھیر لیے ہیں، وہاں متن والے صفحہ (دیکھیے ص ۵۶، ۷۰ اور ۱۱۶) پر مخطوطہ کے عکس کو پیش کیا گیا ہے۔ ان عکسوں میں ایشیاٹک سوسائٹی آف بنگال اور این۔بی۔آر۔آئی۔ لکھنؤ کے بعض صفحات کے عکس موجود ہیں۔

یہاں یہ وضاحت کرنا ضروری ہے کہ راقم نے "گنج باد آورد" کے نسخے این۔بی۔آر۔آئی۔ لکھنؤ (مکمل)، طبیہ کالج، علی گڑھ (مکمل)، ندوۃ العلماء، لکھنؤ (ناقص از آخر) اور آندھرا پردیش گورمنٹ مینسکرپٹس لائبریری اینڈ ریسرچ انسٹی ٹیوٹ، حیدر آباد (دو نسخے اور دونوں ناقص از ابتداء و آخر) میں دیکھے۔ علاوہ برایں ایک مخطوطہ "کتاب فلاحت" (مکمل) مولانا آزاد لائبریری، علی گڑھ میں بھی دیکھا۔ لیکن متن کی تیاری میں صرف

الف۔ ایشیاٹک سوسائٹی آف بنگال، کلکتہ۔ باعلامت "ای"

ب۔ این۔بی۔آر۔آئی۔ لکھنؤ۔ باعلامت "این"

ج۔ مولانا آزاد لائبریری، علی گڑھ۔ باعلامت "آزاد"

کے نسخوں سے ہی مدد لی گئی ہے۔ طبیہ کالج، علی گڑھ میں موجود مخطوطہ "گنج باد آورد" مکمل تو ہے، لیکن اس سے استفادہ کا خاطر خواہ موقع نہ مل سکا۔ اس کے علاوہ "گنج باد آورد" کے باقی دیکھے گئے نسخے نامکمل ہیں۔

اس متن کی تیاری میں بنیادی طور پر ایشیاٹک سوسائٹی آف بنگال کے مخطوطہ

"رسالۂ نخلبندی" کو ہی پیش نظر رکھ کر وہ متن رکھا گیا ہے، جو ایشیاٹک سوسائٹی آف بنگال کے نسخہ میں ہے (مثلاً فلاحت حبہ اسودا اور رشاد کا ذکر این۔بی۔آر۔آئی۔ لکھنؤ کے نسخہ میں نہیں ہے)۔ لیکن اس میں وہ متن نہیں بڑھایا گیا ہے، جو دوسرے مخطوطہ میں ملتا ہے۔ مثلاً این۔بی۔آر۔آئی۔ لکھنؤ کے نسخہ میں انار، جوز (اخروٹ) زیتون، سفرجل (آبی)، قراصیا (آلو بالو)، بلوط (سپاری)، فستق (پستہ)، بندق (فندق، چھوٹا بیر) وغیرہ کا بھی ذکر ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ رسالۂ نخلبندی، گنج باد آورد کے صرف گیارھویں باب کے کچھ حصہ کی نقل ہے۔ جب کہ گنج باد آورد میں کل ۱۶ باب ہیں۔ لہٰذا اگر متن میں کسی ایک چیز کا بھی اضافہ کر دیا جائے، تو یہ سوال پیدا ہو سکتا ہے کہ گنج باد آورد کے کسی دوسرے حصہ کو متن میں کیوں نہیں بڑھایا گیا؟ اور گنج باد آورد کی تصحیح کرنا میرا مقصد بھی نہیں ہے۔ اسی مسئلہ کو مد نظر رکھتے ہوئے بعض دوسرے نسخوں کی مدد سے صرف رسالۂ نخلبندی کی ترتیب و تصحیح کے بعد متن تیار کیا گیا ہے۔

یہاں یہ واضح کر دینا ضروری ہے کہ متن کی تیاری میں نقطوں کے معمولی ہیر پھیر (مثلاً ببرند۔ببرد، بکارند۔بکارد، بپرورد۔پرورد، پرکند۔پرکند، بیندازند۔بیدازند، بنهند۔نهند وغیرہ)، املے کی معمولی غلطیوں (مثلاً شفتالو۔شفتا، ذراع۔ذرع، قراضیا۔قراصیا وغیرہ) اور بعض لفظوں کے ہیر پھیر (مثلاً نخود و عدس۔عدس و نخود، فلاحت سپستان۔فلاحت شجر سپستان، فلاحت لیمو۔ فلاحت شجر اللیمو، فلاحت زعرور۔ فلاحت شجر الزعرور وغیرہ) پر اختلافات نسخ تیار کرنے کے دوران کوئی توجہ نہیں دی گئی ہے۔ کیوں کہ اس سے مطلب پر کوئی خاص اثر نہیں پڑتا۔ اس کے بر خلاف ان نقطوں کے ہیر پھیر (مثلاً بطرفی۔بطریقی، بحرقہ۔ بخرقہ، نبرند۔ببرند، کج۔گنج وغیرہ) کی نشاندہی اختلافات نسخ میں کی گئی ہے۔ جن سے معنی میں بہت زیادہ فرق پڑتا ہے۔ اس میں حتی الامکان سیاق و سباق کو مد نظر رکھتے ہوئے صحیح لفظ کو متن میں اور دوسرے لفظ کو اختلافات نسخ میں جگہ دینے کی کوشش کی گئی ہے۔ اس کے علاوہ ان اختلافات (مثلاً فلاحت نارجیل۔ فلاحت النارجیل، فلاحت لو۔ فلاحت شجر البقم

وغیرہ) پر بھی توجہ دی گئی ہے۔ جس سے ایک دوسرا اہم معنی لفظ معلوم ہوتا ہے۔ اس میں یہ طریقہ اختیار کیا گیا ہے کہ نخلبندی میں ملنے والے لفظ کو متن میں اور دوسرے نسخوں میں ملنے والے لفظ کو اختلافات نسخ میں جگہ دی جائے۔ یہاں یہ لکھ دینا بھی ضروری سمجھتا ہوں کہ اگر مخطوطہ میں آن، را، در، از، کہ وغیرہ کتابت کی غلطی سے چھوٹا ہوا محسوس ہوا ہے، تو اسے متن میں لکھ دیا گیا ہے، لیکن اس کی نشاندہی اختلافات نسخ میں نہیں کی گئی ہے۔ علاوہ بر ایں جہاں عبارت کے مفہوم کو مد نظر رکھتے ہوئے کسی لفظ کو بڑھانا چاہا ہے، وہاں اس لفظ کو قوسین [ ] نشان میں کر دیا گیا ہے۔ جو اس بات کی دلیل ہے کہ وہ لفظ کسی بھی مخطوطہ میں نہیں ملتا، لیکن اس لفظ کے بغیر، عبارت کا مطلب پوری طرح صاف نہیں ہوتا۔

بہرحال ہر ممکن تلاش و جستجو اور دیدہ ریزی کے بعد اس کام کو مکمل کر کے اہل علم کے سامنے پیش کرنے کی سعادت حاصل کر رہا ہوں۔ لیکن مجھے اس بات کا اعتراف ہے کہ میری یہ ادنیٰ کوشش اس وقت تک ناکافی رہتی، جب تک کہ بعض لوگوں کی سرپرستی، ہمدردی اور نیک مشورے شامل حال نہ ہوتے۔ لہٰذا مناسب ہے کہ ان لوگوں کا شکریہ ادا کیا جائے، جنہوں نے کسی نہ کسی طرح سے اس کام میں مدد فرمائی۔

اس سلسلہ میں، میں سب سے پہلے پروفیسر وزیر حسن عابدی کا شکریہ ادا کرتا ہوں جنہوں نے ایشیاٹک سوسائٹی آف بنگال سے "رسالہ نخلبندی" کا نسخہ منگایا اور اس کے ترجمہ کی ذمہ داری مجھے سونپی۔ بعد میں استاد محترم پروفیسر سید نیر مسعود رضوی نے رسالہ کو، ترتیب و تصحیح اور مصنف کے حالات و تصانیف کا تعارف پیش کر کے کتابی شکل دئے جانے کا خیال ظاہر کیا۔ جس کو راقم الحروف نے استاد محترم کا نیک اور اہم مشورہ سمجھ کر عملی جامہ پہنایا۔ اس لحاظ سے استاد محترم خصوصی شکریہ کے مستحق ہیں۔ کیوں کہ انہوں نے ہی اس پورے خیال کی بنیاد رکھی نیز مسودہ کو دیکھ کر ترمیم و اضافہ بھی کیا۔ حقیقت میں ان لوگوں کا شکریہ، زبان یا قلم سے کسی طرح ادا نہیں کیا جا سکتا۔


میں کتب خانہ ایشیاٹک سوسائٹی آف بنگال، کلکتہ، این۔ بی۔ آر۔ آئی۔ لکھنؤ،

ندوۃ العلماء، لکھنؤ، طبیہ کالج، علی گڑھ، مولانا آزاد لائبریری، علی گڑھ، آندھرا پردیش گورمنٹ اورینٹل مینسکرپٹس لائبریری اینڈ ریسرچ انسٹی ٹیوٹ، حیدر آباد، ٹیگور لائبریری، لکھنؤ، کتب خانہء سلطان المدارس، لکھنؤ، کتب خانہء مدرسۃ الواعظین، لکھنؤ، استاد محترم پروفیسر محمد ولی الحق انصاری (لکھنؤ) کی ذاتی لائبریری، استاد محترم پروفیسر سید نیر مسعود رضوی (لکھنؤ) کی ذاتی لائبریری، سالار جنگ میوزیم، حیدر آباد اور نیشنل آرکائوز آف انڈیا، نئی دہلی کے سبھی ذمہ داروں کا تہہ دل سے شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے ہر ممکن تعاون دے کر استفادہ کا موقع فراہم کیا۔ آخر میں، اس سلسلہ میں والد محترم سید حیدر علی، والدہ محترمہ سیدہ ذاکیہ بیگم، برادر محترم محمد صفدر علی، ڈاکٹر آصفہ زمانی، چودھری سبط محمد نقوی، ڈاکٹر سلمان عباسی، سید محمد رضا باقر عرف قمر احسن، ساجد زید پوری، منیر جہاں، سید ریحان عباس رضوی، محمد رضا علی، عابد حسین حیدری، ڈاکٹر عارف ایوبی، بلقیس فاطمہ اور علی مہدی رضوی ایڈوکیٹ بھی شکریہ کے مستحق ہیں، جنہوں نے اس کام میں کسی نہ کسی طرح سے مدد فرمائی۔ مسودہ کے پروف کو پڑھنے میں اہلیہ محترمہ ساجدہ بانو بھی شکریہ کی مستحق ہیں۔ جنہوں نے اس میں مدد فرمائی اور میرے پیارے بچوں عسکری مہدی، اطہر مہدی اور اصغری فاطمہ نے ان کا پورا پورا ساتھ دیا۔ حقیقت میں یہی لوگ مجھے کام کرنے کا پورا موقع فراہم کرتے ہیں۔ جن کا کسی طرح سے شکریہ ادا نہیں ہوسکتا، البتہ ہر لمحہ دعائیں ضرور نکلتی ہیں۔

بہر حال اب، ہر ممکن تلاش و جستجو کے بعد یہ کام مکمل ہوا اور کتابی شکل میں آپ کے سامنے ہے۔ لیکن مجھے اس بات کا احساس ہے کہ چوں کہ انسان خطا و نسیان کا مرکب ہے، اس لئے اس کتاب میں بھی کچھ نہ کچھ کمیاں رہ گئی ہوں گی۔ لیکن پھر بھی اپنی غلطیوں اور کمیوں کا اعتراف کرتے ہوئے، کتاب اس خیال سے پیش ہے کہ

ہر کہ خواند دعا طمع دارم　　　زانکہ من بندہء گنہ گارم

۶، اپریل ۱۹۹۵ء　　　سید محمد تقی علی عابدی


628

من مصنفات امان الله حسینی والدالم

دلیل بر این زمین صالح و قابل بود جهت زراعت چون باران آید

و زمین از آن شگاف کنند و شق شود دلیل نیکی زمین است و اگر در

انواع بنا هموار بسته شود و تو بر تو بود دلیل [illegible] زمین بود و اگر گیاه بار 629

و راست قد بود دلیل آن است که زمین میانه است و اگر گیاه ضعیف

و راست قد نبود و بر هم پیچیده بود دلیل بدی زمین است نوع دیگر

زمین را بکنند دو گز و یا سه گز و قدری از آنجا خاک برداشته در [illegible]

سوده در آب باران آغشته کنند چندانکه آب از آن سیر شود مقدار

نشان بگذارند تا آب صافی شود پس آن آب را بچشند اگر طعم آن

(۲) ۲/۱۵

عکس مخطوطهء نخلبندی

"رسالہء نخلبندیہ کا مصنف اور مآخذ"

باغبانی اور کسانی سے متعلق ایک رسالہ "نخلبندیہ" کے نام سے ایشیاٹک سوسائٹی آف بنگال، کلکتہ سے موصول ہوا۔ جس کے متعلق بعض جگہ مندرجہ ذیل اشارات ملتے ہیں :

۱۔ انڈین نیشنل سائنس اکادمی (انسا) کے جانب سے شائع شدہ ببلوگرافی میں مصنف کا نام احمد علی بن محمد خلیل جونپوری اور لکھے جانے کا سنہ ۹۱-۱۷۹۰ء (۱۲۰۵ھ) ہے۔ یہ (نخلبندیہ) دو حصوں "شجرہء نہال" اور "نسخہء خوشباد" پر منحصر ہے۔

۲۔ ڈاکٹر عرفان حبیب کی ترقی اردو بورڈ، دہلی سے شائع شدہ کتاب "مغل ہندوستان کا طریق زراعت" میں صفحہ ۶۳-۵۶۲ پر حسب ذیل عبارت آئی:

"نسخہ در فن فلاحت ۔ ای-۲-۴۷۰ or ۱۶۴۱۰ اوراق ۲۵ الف ۔۴۸ الف علی گڑھ لٹن، فارسیہ علوم، ۵۱، یہ بات انڈیا آفس میوزیم کے مخطوطات کے متن کے ابتدائی الفاظ سے ظاہر ہوتی ہے کہ یہ کسی بڑی تصنیف کا گیارہواں باب ہے۔ مخطوطہء علی گڑھ کے خاتمہ پر جس کی نقل ۱۷۹۳ء میں اتاری گئی تھی (لیکن جو شروع و آخر دونوں سروں پر نامکمل ہے) یہ تحریر ہے کہ یہ دارا شکوہ کے "گنج باد آورد" کا ایک جزو ہے۔ سنہ ۱۲۰۵ھ (۹۱-۱۷۹۰ء) میں تحریر شدہ رسالہ نخلبندیہ میں

(Add ۱۴،۶۶۲ ورق ۹۵ب) جو اس رسالہ کی تقریباً ایک نقل ہے، اس کی جدی تصنیف کا یہی نام بتایا گیا ہے، مگر اسے امان اللہ حسینی خانہ زاد خان سے منسوب کیا گیا ہے، یہ انتساب غالباً درست ہے، کیوں کہ جہانگیر کے مشہور امیر مہابت خان کے لڑکے امان اللہ حسینی خانہ زاد خان نے ایک مجموعہ موسومہ "گنج باد آورد" چھوڑا ہے۔

(Rieu's British Museum Catalogue ۲:۵۰۹ب)

اس کا مصنف ایک دوسری تصنیف جسے وہ کتاب "شجرۃ النہال" کے نام سے پکارتا ہے، کے احسان کا معترف ہے۔ جو Lindesiawa ۴۸۴ Add ۲۵۳۴۲ (جزو) اور Add ۱۷۷۱ میں محفوظ تصنیف کے تقریباً بالکل مماثل ہے۔ آخر الذکر تصنیف بظاہر فارس میں لکھی گئی تھی اور معلوم ہوتا ہے کہ امان اللہ نے نظر ثانی کے بعد ہندستان کی پیداواروں (پھلوں اور فصلوں) کا اس میں اضافہ کیا۔"

ان دونوں تحریروں اور رسالے کو دیکھنے کے بعد کچھ باتیں تحقیق طلب معلوم ہوئیں۔

۱۔ رسالہ کا اصل نام کیا ہے؟

۲۔ اس رسالہ کا مصنف کون ہے؟

یوں تو انڈین نیشنل سائنس اکادمی کی ببلو گرافی اور ڈاکٹر عرفان حبیب کی کتاب دونوں میں رسالہ کا نام "نخلبندیہ" اور لکھے جانے کا سنہ ۱۲۰۵ھ ہی لکھا ہے۔ لیکن کتاب کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ اس کا نام "نخلبندی" ہے۔ جو ۲۳ ذی قعدہ ۱۲۶۱ھ (۱۸۴۵ء) میں نقل کیا گیا۔ کیوں کہ ترقیمہ میں یوں لکھا ہے:

"تمام شد رسالہ نخلبندی بتاریخ بست و سوم ماہ ذی قعدہ یوم دوشنبہ ۱۲۶۱ ھ، تحریر شہر کانپور، بر مکان جناب برادر صاحب قبلہ و کعبہ محمد میرزا صاحب سلمہ التعالیٰ۔"

اس سے یہ معلوم ہوا کہ رسالہ کا نام "نخلبندی" ہے۔

اسی طرح انڈین نیشنل سائنس اکادمی کی ببلو گرافی میں لکھے مصنف کا نام، موجودہ رسالہ میں کہیں نہیں ملتا۔ لیکن شروع میں یہ ضرور ملتا ہے کہ "من مصنفات امان اللہ حسینی"۔ اس سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ اس رسالہ کا مصنف امان اللہ حسینی ہے۔ جس کا اندازہ ڈاکٹر عرفان حبیب کی مذکورہ عبارت سے بھی ہوتا ہے اور یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ نخلبندی، گنج باد آورد کے گیارھویں باب کی نقل ہے۔

اس لئے راقم الحروف نے "نخلبندی" کی جدی تصنیف "گنج باد آورد" کے بارے میں معلومات حاصل کیں۔ جس کے مخطوطات این۔بی۔آر۔آئی۔ لکھنؤ، ندوۃ العلماء، لکھنؤ، طبیہ کالج، علی گڑھ، میڈیکل کالج ریسرچ انسٹی ٹیوٹ ہمدرد، دہلی، طبیہ کالج، دہلی، خانقاہ مجیبیہ، پھلواری، آصفیہ، حیدر آباد اور رضا لائبریری، رامپور میں موجود ہیں۔

راقم نے اس کے دو مکمل نسخوں (این۔بی۔آر۔آئی۔ لکھنؤ اور طبیہ کالج، علی گڑھ) کا مطالعہ کیا۔ جس سے یہ واضح ہوا کہ "نخلبندی" کا موجودہ حصہ اور "گنج باد آورد" کا گیارھواں باب قریب قریب ایک ہی ہے۔ لیکن اس سے کچھ سوال سامنے آتے ہیں۔

۱۔ "گنج باد آورد" کا مصنف کون ہے؟

۲۔ "گنج باد آورد" کا صحیح نام کیا ہے؟

۳۔ نخلبندی، گنج باد آورد کے گیارھویں باب کی نقل ہے یا گنج باد آورد کا گیارھواں باب نخلبندی کا؟

"گنج باد آورد" کا مصنف کون ہے؟ یہ سوال اس لئے اٹھتا ہے کہ اس کے دو مصنف

بتائے جاتے ہیں دارا شکوہ اور امان اللہ حسینی۔

جہاں تک دارا شکوہ کا نام بتایا جاتا ہے، وہ غالباً ان وجوہ سے ہو:

الف۔ مولانا آزاد لائبریری علی گڑھ میں موجود مخطوطہ "کتاب فلاحت" (جو تقریباً نخلبندی کے مثل ہے) کے ترقیمہ میں لکھا ہے "تمام شد کتاب فلاحت بتاریخ پنجم شہر ذی قعدہ ۱۲۰۷ ہجری منقول از کتاب گنج باد آورد کہ تالیف دارا شکوہ نمودہ دراں علوم طب وغیرہ لواحق درج کردہ"۔

ب۔ طبیہ کالج، علی گڑھ کے مخطوطہ کے آخری ورق ۵۴۴ پر یہ الفاظ ملتے ہیں:
"تمت داراشکوہی"۔

اس سے یہ گمان ہوتا ہے کہ اس کتاب کا نام "داراشکوہی" ہے۔ شاید اسی وجہ سے اس کے مصنف کا نام بھی دارا شکوہ لکھ دیا گیا ہو۔

لیکن خیال یہ ہے کہ "گنج باد آورد" کا مصنف دارا شکوہ نہیں ہے۔ کیوں کہ طبیہ کالج، علی گڑھ کے مخطوطہ کے ورق ۲ اور این۔ بی۔ آر۔ آئی۔ لکھنؤ کے مخطوطہ کے صفحہ ۵ پر ہے:

"درین عہد کہ کار دانش جہل و سرمایہ، جہل دانش شدہ بود فراہم آرندہ، این گنج دانش امان اللہ المخاطب بخان زمان فیروز جنگ ابن مہابت خان خانخانان بہادر سپہ سالار سید محمد غیور الحسینی۔"

اور علی گڑھ کے مخطوطہ کے آخری ورق ۵۴۴ پر یہ عبارت ملتی ہے:

"صاحب تالیف این تصنیف شریف امان اللہ مخاطب بخان زمان فیروز جنگ بن مہابت خان خانخانان بہادر سپہ سالار"۔

لیکن "گنج باد آورد" میں دارا شکوہ کا نام کہیں نہیں دکھائی دیتا۔ علاوہ بر این خود رسالہ نخلبندی (جو کہ گنج باد آورد کے گیارھویں باب کی نقل ہے) میں بھی یہ الفاظ آئے ہیں:

"من مصنفات امان اللہ حسینی"۔

اس سے واضح ہوتا ہے کہ اس (گنج باد آورد) کا مصنف امان اللہ حسینی ہے۔

اب جہاں تک "گنج باد آورد" کے صحیح نام کا سوال ہے، تو علی گڑھ کے مخطوطہ میں اس کا نام "قرابادین خانزمانی مشہور بگنج باد آورد دارا شکوہی و قرابادین دارا شکوہی" ملتا ہے۔ اور اسی مخطوطہ میں ورق ۶ پر ہے:

"این دفتر شگرف را بگنج باد آورد صاحب قرانی موسوم گردانید"۔

کیا صاحب قرانی سے خیال ہوتا ہے کہ یہ کتاب شاہجہاں کے عہد میں مکمل ہوئی۔ اور اسی مخطوطہ کے ورق ۵۴۴ پر الفاظ ہیں: "تمت دارا شکوہی"۔ لیکن یہ نام صحیح نہیں معلوم ہوتے کیوں کہ علی گڑھ اور لکھنؤ کے دونوں مخطوطات کے شروع میں ہی یہ عبارت آئی ہے:

"گنج باد آورد حکمت الٰہی ترکیب هیولائی انسانی است"۔

اور یہی یعنی "گنج باد آورد" ہی صحیح معلوم ہوتا ہے۔ کیوں کہ گنج باد آورد صاحبقرانی میں صاحبقرانی کا استعمال غلط معلوم ہوتا ہے اور قرابادین خانزمانی، "گنج باد آورد" کے نام سے مشہور ہوئی۔ یعنی خانزمان کی قرابادین ہی "گنج باد آورد" ہے۔ اس لئے اس کا صحیح نام "گنج باد آورد" ہی معلوم ہوتا ہے۔

یہ گنج باد آورد طب کی ایک ضخیم کتاب ہے۔ جس میں مصنف نے باغبانی اور کسانی سے متعلق بھی کچھ لکھا ہے اور علی گڑھ کے مخطوطہ میں تووزن سے متعلق بھی ملتا ہے۔

آخری اور سب سے اہم سوال یہ اٹھتا ہے کہ نخلبندی، گنج باد آورد کے گیارھویں باب کی نقل ہے یا گنج باد آورد کا گیارھواں باب نخلبندی کا۔ کیوں کہ مطالعہ سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ نخلبندی کے ورق ۱۶ پر کچھ تجربہ کی بات لکھی ہے:

"وچون شاخ امرود بر درخت شاہ توت پیوند کنند میوہء آن سرخ شود

وہمچنین اگر شاخ سیب بر درخت شاہ توت پیوند کنند میوۂ آن سرخ

شود و شاخ جوز بر درخت دیگر پیوند نتوان کرد۔"

جب کہ گنج باد آورد (لکھنؤ) کے مخطوطہ میں صفحہ ۶۳۲ پر یہ عبارت آئی ہے:

"و چون شاخ امرود بر درخت شاہ توت پیوند کنند میوہ، آن سرخ شود

وشاخ جوز بر درخت دیگر پیوند نتوان کرد۔"

ان تحریروں کو دیکھنے پر یہ معلوم ہوتا ہے کہ نخلبندی میں "وہمچنین اگر شاخ سیب بر درخت شاہ توت پیوند کنند میوہ، آن سرخ شود" عبارت زیادہ ہے۔ جو ایک تجربہ کی بات ہے۔ اب سوال یہ اٹھتا ہے کہ یہ تجربہ کی بات صاحب نخلبندی نے کیسے لکھ دی؟ یہ بھی ممکن ہے کہ "گنج باد آورد" کا کوئی ایسا نسخہ نقل کرنے والے کے پاس ہو، جس میں یہ تجربہ کی بات لکھی ہو۔لیکن جب آگے بڑھ کر آم کی بحث ملتی ہے، تو آم کی قلم سے متعلق بات "نخلبندی" کے مصنف نے لکھی ہے۔جب کہ "گنج باد آورد" کے مصنف نے قلم لگانے کی باتیں تو تفصیل سے لکھی ہیں، لیکن آم کی قلم کی بات نہیں لکھی۔

اس بحث کے ساتھ ساتھ ایک بحث اور سامنے آتی ہے۔وہ یہ کہ "نخلبندی" کے مصنف نے بیگن کی بحث میں ورق ۱۸ پر ایک کتاب "شجرہ، نہال" کا بھی ذکر کیا ہے:

"و آن بر انواع است بدور و مستطیل و سفید و بنفشجی و شیرین و تلخ

وسردو آبدار و رقیق و غلیظ، این است آنچہ از کتاب شجرہ، نہال نقل

برداشتہ شد۔"

اس سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ نخلبندی کے مصنف نے شجرہ، نہال (جو انڈین نیشنل سائنس اکادمی، نئی دہلی، سے شائع شدہ ببلو گرافی کے مطابق امان اللہ حسینی کی تصنیف ہے) سے استفادہ کیا ہے۔یہی ذکر گنج باد آورد (لکھنؤ) میں بھی ملتا ہے۔لیکن گنج باد آورد (لکھنؤ) کے صفحہ ۶۳۲ پر قلم لگانے کی بحث میں ایک دوسری کتاب "کتاب فلاحت" کا

بھی ذکر ہے:

"چون این درخت بار آورد شفتالو را دانہ نباشد وصحت این تجربہ
معلوم شدہ است از کتاب فلاحت"۔

یہی عبارت مولانا آزاد لائبریری، علی گڑھ میں موجود مخطوطہ "کتاب فلاحت" کے صفحہ ۴۲ پر بھی ملتی ہے اور آخر میں اس کتاب کا نام بھی "کتاب فلاحت" لکھا ہے۔

معلوم یہ ہوا کہ "گنج باد آورد" کا مصنف "کتاب فلاحت" کا احسان مند ہے اور علی گڑھ میں موجود "کتاب فلاحت" کا مخطوطہ جس کا نمبر علوم فارسیہ ۱۵ ہے۔ خود گنج باد آورد کے گیارھویں باب کی نقل ہے۔ "کتاب فلاحت" کا ذکر ملنے پر ضروری ہوا کہ کتاب فلاحت، گنج باد آورد اور نخلبندی کا سنہ تحریر معلوم کیا جائے۔ جس کے بارے میں انڈین نیشنل سائنس اکادمی، نئی دہلی سے شائع شدہ ببلوگرافی سے معلوم ہوا کہ ان کا سنہ بالترتیب ۱۲۰۷ھ (۹۲-۱۷۹۲ء)، سترھویں صدی اور ۱۲۰۵ھ (۹۱-۱۷۹۰ء) ہے۔ اب سوال یہ اٹھتا ہے کہ اگر "نخلبندی"، "گنج باد آورد" کی نقل ہے تو "گنج باد آورد" کے مصنف نے "کتاب فلاحت" جو "نخلبندی" کے بعد کی ہے، کا ذکر کیسے کیا؟ اگر یہ نقل شدہ کتاب کا سنہ ہے تو "کتاب فلاحت" کا اصل نسخہ کب، کہاں اور کس نے لکھا؟ جہاں تک "گنج باد آورد" کے لکھے جانے کا سنہ کا تعلق ہے وہ طبیہ کالج، علی گڑھ کے مخطوطہ کے ورق ۴۴۵ پر لکھے ایک شعر سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ ۱۰۴۰ھ (۳۱-۱۶۳۰ء) ہے:

سال ختمش از خرد جستم و گفت "ختم" شد تاریخ ختم این کتاب

۱۰۴۰ھ

اس سے یہ واضح ہوتا ہے کہ "گنج باد آورد" سب سے پرانی تصنیف ہے۔ لیکن اگر "نخلبندی" کو بعد کی نقل شدہ کتاب مانتے ہیں تو یہ ظاہر ہے کہ ۱۰۴۰ھ۔(۳۱-۱۶۳۰ء) میں لکھی گئی طب کی عظیم کتاب "گنج باد آورد" کا گیارھواں باب ہے۔ جس کا مصنف امان اللہ حسینی


ہے۔ جس نے باغبانی اور کسانی پر لکھی جانے والی کتاب نخلبندی میں "کتاب فلاحت" سے استفادہ کیا ہے اور نخلبندی کے لئے انڈین نیشنل سائنس اکادمی کے ببلو گرافی میں ملتا ہے کہ نخلبندی خود دو حصوں یعنی "شجرہء نہال" اور "نسخہء خوش باد" پر منحصر ہے اور جو حصہ "گنج باد آورد" میں ملتا ہے وہ "نسخہء خوش باد" کے مثل ہے۔ اس لئے یہ ماننا غلط نہ ہو گا کہ پوری نخلبندی گیارھویں باب کی نقل نہیں ہے بلکہ صرف ایک حصہ "نسخہء خوش باد" ہے جو گنج باد آورد کے گیارھویں باب کی نقل ہے۔ ان دونوں حصوں میں شجرہء نہال کے لئے ملتا ہے کہ یہ کتاب فارس میں لکھی گئی اور بعد میں امان اللہ حسینی نے اس کتاب میں ہندستانی پھلوں اور پھولوں کے ذکر کا اضافہ کیا۔ اس لئے یہ واضح ہوا کہ شجرہء نہال اور نسخہء خوش باد یعنی نخلبندی کا مصنف احمد علی بن محمد خلیل جونپوری نہیں بلکہ امان اللہ حسینی ہی ہے۔

باغبانی اور کسانی سے متعلق اس کتاب کو امان اللہ حسینی کی تصنیف ماننا اس لئے بھی ضروری ہے کہ ان کی کھیتی پر ایک دوسری کتاب "رسالہء زراعت میں ڈبلنگ Dibbling" کا ذکر ڈاکٹر عرفان حبیب نے اپنی تصنیف کے صفحہ ۵۰ پر کیا ہے اور اسے سترھویں صدی کے شروع کی تصنیف بتایا ہے۔ جس میں بیج ڈالنے کے طریقہ کا ذکر کیا گیا ہے۔ مصنف نے یہ بھی لکھا ہے کہ ڈرل (**Drill**) کی مدد سے بیج ڈالنا اور ڈبلنگ کے طریقہ پر بوائی ہندستان کا ایک پرانا اور عام معمول تھا۔

اس لئے ان سبھی باتوں کے بعد آخر میں یہ لکھا جا سکتا ہے کہ موجودہ نسخہ "نسخہء خوش باد" ہے۔ جس کا مصنف امان اللہ مخاطب بخان زمان فیروز جنگ بن مہابت خان خانخانان بہادر سپہ سالار سید محمد غیور الحسینی ہے۔ جو ممکن ہے کہ "گنج باد آورد" سے پہلے لکھا گیا ہو اور بعد میں طب سے متعلق سمجھتے ہوئے امان اللہ حسینی نے اپنے نسخہ (نسخہء خوش باد) کو اپنی بڑی کتاب "گنج باد آورد" میں نقل کر دیا ہو اور دوسری کتابوں (یعنی شجرہء نہال اور رسالہء زراعت) کی باتوں کو طب سے غیر متعلق سمجھتے ہوئے چھوڑ دیا ہو۔

بہر حال موجودہ نسخہ ۲۷ اوراق پر مشتمل ہے۔ جس میں زمین کے اچھے اور برے ہونے کی آسان پہچان، خراب زمین کو ٹھیک کرنا، بیج بونے کا وقت، زمین سے کھر پتوار صاف کرنا، پیڑ لگانے کا وقت، بڑے پیڑ کو ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کرنا، قلم باندھنا اور اس کا وقت اور فصل پر آنے والی بیماریوں کو دور کرنے کے ساتھ ساتھ پھل، پھول، اناج اور ترکاری سے متعلق تفصیل سے لکھا گیا ہے۔ مصنف نے ہر کھیتی کے لئے اس کی زمین، آب و ہوا، وقت اور کھاد سے متعلق لکھا اور کچھ کی یکسانی کو بھی بتایا ہے۔ جس میں بعض کا تفصیلی اور بعض کا مختصر ذکر ہے۔

اس نسخہ میں سب سے اہم بات یہ ہے کہ قدرتی کھاد (Natural Maneaure) پر زیادہ زور دیا گیا ہے، مصنوعی کھاد (Artificial Maneaure) پر نہیں۔ اس کے لئے یہ ممکن ہے کہ اس وقت سائنس نے اتنی ترقی نہ کی ہو کہ نئی نئی کھادیں بنائی جاتیں۔ نسخہ میں لکھی کھادوں میں پودوں کے خراب ہونے، گائے، سور، بھیڑ وغیرہ کے گوبر سے بنی کھادوں اور انسان کے پیشاب و پاخانے جیسی کھاد کے استعمال کو ہی بتایا گیا ہے۔ ممکن ہے کہ اس قسم کی کھادوں یعنی قدرتی کھاد کے استعمال سے زمین کی قوت بڑھتی اور مصنوعی کھاد کے استعمال سے زمین کی قوت گھٹتی ہو۔ یہ بات زراعت و فلاحت (باغبانی اور کسانی) کے میدان میں تجربہ کر رہے لوگوں کے لئے قابل توجہ ہے۔


٥٤
محفوظ بکار بند بهر آفتی که بود و بعد سی سال رسد و در زراعت [illegible]
گفته اند که درخت انار و درخت مورد باهم محبت دارند و چون
دو درخت نزدیک هم نشانند بار بسیار آورند و درخت انار که
ضعیف باشد در زمستان تا بر کنند یا انرا ببرگ کدو و ساقهای
درخت کدو بپوشند از سرما محفوظ ماند و همه سال
را چنین نگاه میتوان داشت و گفته اند که
پسته و بادام دوستان یکدیگر
اند چون اینها را نزدیک یکدیگر
نشانند بار بیشتر
آورند
[illegible]
[illegible]

عکس مخطوطہ نخلبندی

"حکیم امان اللہ خان امانی حسینی"

ایشیاٹک سوسائٹی آف بنگال سے موصول "رسالہ نخلبندیہ" کے مصنف اور مآخذ (۱) پر گفتگو کرنے کے بعد ضرورت محسوس ہوئی کہ رسالہ نخلبندیہ کے مصنف امان اللہ حسینی کے مختصر حالات اور دوسری تصنیفات کا بھی جائزہ لیا جائے۔

حکیم امان اللہ حسینی کے والد زمانہ بیگ مخاطب بہ نواب مہابت خان سوسنی (۲) سپہ سالار اور جد مرزا غیور بیگ (۳) تھے۔ غیور بیگ اصلاً شیراز کے رہنے والے تھے (۴)۔ لیکن وہ ترک وطن کر کے پہلے کابل میں مرزا محمد حکیم کے یہاں اور ان کے انتقال کے بعد ہندستان میں اکبر بادشاہ کے دربار میں پہنچے۔ وہیں مرزا امان اللہ حسینی کے والد زمانہ بیگ (۵) کا بچپن گذرا۔ زمانہ بیگ شاہزادہ سلیم (جہانگیر) کا ہم سن ہونے کی وجہ سے ہم رکاب تھا۔ انہیں شاہزادہ سلیم نے اپنی تخت نشینی ۱۰۱۴ھ (۱۶۰۵-۶ء) کے موقع پر ہزار وپانصدی کا منصب نیز مہابت خان کا خطاب دیا (۶) اور ۱۰۲۸ھ (۱۶۱۹-۲۰ء) میں کابل کا صوبہ دار مقرر کیا (۷)۔ بعد میں مہابت خان کی کارکردگی اور جوانمردی سے خوش ہو کر خان خانان سپہ سالار اعظم کا خطاب اور ہفت ہزاری کا منصب عطا کیا (۸)۔ لیکن اسی مہابت خان نے اپنے مربی جہانگیر بادشاہ کو ۲۸ جمادی الثانی ۱۰۳۵ھ (۱۶۲۶-۲۷ء) کو قید کر لیا (۹) اور جہانگیر کے ۲۸ صفر ۱۰۳۷ھ (۱۶۲۸-۲۹ء) کو انتقال ہونے پر (۱۰) شاہجہاں کے ساتھ آگرہ پہنچا۔ جہاں شاہ جہاں ۸ جمادی الثانی ۱۰۳۷ھ (۱۶۲۸-۲۹ء) کو تخت نشین ہوا (۱۱)۔ اس موقع پر شاہ جہاں نے خوش ہو کر مہابت خان کو ہفت ہزاری کا سب سے بڑا منصب عطا کیا (۱۲)۔ جس پر چند سال قائم رہنے کے بعد مہابت

خان کا ۱۰۴۴ھ (۳۵-۱۶۳۴ء) میں انتقال ہو گیا۔ان کی تاریخ انتقال

سپہ سالار رفتہ (۱۳) ۱۰۴۴ھ

اور

رخ مرد ۱۰۴۴ھ یا خرمرد (۱۴) ۱۰۴۴ھ

سے بر آمد ہوتی ہے۔ علاوہ برایں مولانا عبد الشکور نے مہابت خان کی تاریخ وفات اس طرح نکالی:

فخر ملوک جہان خان مہابت لقب	آنکہ چو او یک خلف مادر گیتی نزاد
انچہ بہ تدبیر تیغ کرد در اقلیم ھند	ہیچ قوی پنجہ رادست بکوشش نداد
چون بقضای الٰہ قافلہ عمر او	رخت ز دنیا بہ بست روی بجنت نہاد
سال وفاتش خرد دوش بر سم دعا	گفت "بجای پدر خانزمان زندہ باد" (۱۵)

۱۰۴۴ھ

لیکن معتمد خان بخشی نے

زمانہ آرام گرفت (۱۶) ۱۰۴۵ھ

سے سنہ انتقال ۱۰۴۵ھ بر آمد کیا ہے۔ مہابت خان نے اپنے کچھ خطوط یاد گار چھوڑے جس کو کسی نے "نامہ ھای مہابت خان" (۱۷) کے نام سے جمع کیا۔

صاحب "نیرنگ زمانہ" نے مہابت خان کے پانچ بیٹوں (۱۸) خان زمان امان اللہ خان، لہراسپ، گرشاسپ، دلیر ہست اور افراسیاب کے نام گنائے ہیں۔جب کہ صاحب "مفتاح التواریخ" نے تحریر کیا ہے:

"خانزمان نام پسر مہابت خان است کہ باسم لہراسپ موسوم بود۔" (۱۹)

یعنی خان زمان امان اللہ خان اور لہراسپ ایک ہی نام تھے۔

بہرحال مہابت خان کے سب سے بڑے بیٹے مرزا امان اللہ امانیؔ کی تاریخ اور رجائے

ولادت دریافت نہ ہو سکی ۔ لیکن کابل کے موضع خیبر میں ہمایوں بادشاہ کے بھائی اور محمد بابر بادشاہ کے بیٹے مرزا ھندال (۹۲۴ھ - ۹۵۸ھ) کی یکم ذی قعدہ ۹۵۸ھ کو شہادت ہونے پر مرزا امانی کا مندرجہ ذیل قطعہ ملتا ہے:

شاہ ھندال سرو گلشن ناز   چون ازین بوستان دولت رفت

عالمی را بباد سرو قدش   بر فلک دود آہ حسرت رفت

گفت تاریخ قمری نالان   سروی از بوستان دولت رفت (۲۰)

۹۵۸ھ

مذکورہ تاریخ سے یہ گمان ہوتا ہے کہ مرزا امان اللہ امانی ۹۵۸ھ میں حیات تھا۔ لیکن ان کے سنہ انتقال کے اختلاف کو مدنظر رکھتے ہوئے اگر ۱۰۴۴ھ صحیح مان لیا جائے تب بھی ۹۵۸ ھ سے ۱۰۴۴ھ تک ۸۷ سال ہوتے ہیں اور امان اللہ نے کم از کم ۱۰ سال کے سن میں تاریخ کہی ہوگی ۔اس طرح انتقال کے وقت ۹۷ سال کی عمر ہو جاتی ہے ۔ جو اس لئے غلط معلوم ہوتی ہے کہ صاحب "نیرنگ زمانہ" نے امان اللہ کے والد مہابت خان کی عمر ۸۰ سال (۲۱) اور مہابت خان کا انتقال امان اللہ سے دو سال قبل تحریر کیا ہے ۔ علاوہ بریں امان اللہ مہابت خان سے تقریباً ۱۵ سال ضرور چھوٹے رہے ہوں گے ۔اس طرح امان اللہ امانی کی تاریخ ولادت ۹۸۰ھ کے آس پاس معلوم ہوتی ہے ۔ یہ بھی ممکن ہے کہ امان اللہ امانی نے قطعۂ تاریخ بعد میں نظم کی ہو یا کسی دوسرے شاعر کی تاریخ ہو ۔ ویسے ڈاکٹر عین خیام پور نے "فرھنگ سخنوران" (۲۲) میں امانی ھروی (متوفی ۹۸۱ھ)، امانی اصفہانی (متوفی دہم ہجری) امانی بایبورتی (متوفی دہم ہجری)، امانی ہمدانی (متوفی دہم ہجری)، امانی دھلوی، امانی مازندرانی (متوفی ۱۰۱۶ھ) امانی ہندستانی (متوفی ۱۰۴۶ھ)، امانی کابلی (متوفی ۱۰۴۷ھ)، امانی کرمانی (زیست ۱۰۵۶ھ) اور امانی سندھی (متوفی ۱۱۴۰ھ) کے نام گنائے ہیں ۔ اور مذکورہ قطعۂ تاریخ مغل خاندان سے متعلق ہے ۔ لہٰذا زیادہ مناسب یہی ہے کہ مغل دربار سے منسلک کسی شاعر نے ہی مذکورہ

قطعہ، تاریخ نظم کی ہو۔

متذکرہ دس شعراء میں امانی کابلی اکبر دربار سے اور امانی ہندستانی شاہ جہاں دربار سے منسلک تھے۔لہٰذا ان ہی دو شعراء میں سے کسی ایک نے مرزا ھندال کی تاریخ وفات نظم کی ہوگی۔ جب کہ احمد منزوی نے "فہرست مشترک نسخہ ھای خطی فارسی پاکستان، جلد اول" میں امانی کابلی کا نام مرزا امان اللہ پسر مہابت خان اور ڈاکٹر عین خیام پور نے " فرھنگ سخنوران " میں امانی ہندستانی کا نام مرزا امان اللہ پسر مہابت خان تحریر کیا ہے ۔یعنی امانی کابلی اور امانی ہندستانی دونوں ایک تھے ۔اس لئے مرزا ھندال سے متعلق مذکورہ قطعہ، تاریخ مرزا امان اللہ حسینی امانی پسر مہابت خان کی ہی مانی جاسکتی ہے ۔جو انہوں نے غالباً بعد میں نظم کی ہوگی۔

مرزا امان اللہ حسینی کی تاریخ ولادت ۹۸۰ھ کے آس پاس ماننا اس لئے بھی مناسب معلوم ہوتا ہے کہ انہوں نے مولانا پیر کمال کے یہاں ۲ ذی قعدہ ۹۸۹ھ کو ان کے فرزند کی ولادت پر مبارک باد کا خط لکھا نیز بچہ کی تاریخ تولد اس طرح نظم کر کے بھیجی:

دوم ماہ ذی قعدہ بی بی حنیفہ تولد شدہ ای خوشا ماہ و سالش

خوشا طبع گویا فت از روی دانش دوم ماہ ذی قعدہ اتمام سالش (۲۳)

۹۸۹ھ

مذکورہ تاریخ اگر امان اللہ امانی کے دس سال کے سن کی مانی جائے تو امان اللہ کا سنہ تولد ۹۸۰ھ کے آس پاس ہی مانا جاسکتا ہے۔

بہرحال امان اللہ امانی کی حیات سے متعلق یہ ملتا ہے کہ جب جہانگیر نے ۱۰۲۸ھ میں مہابت خان کو کابل کا صوبہ دار مقرر کیا تو مہابت خان کے ساتھ بعض دوسرے منصب داروں کے علاوہ ان کا بڑا لڑکا مرزا امان اللہ حسینی بھی تھا۔ جو مختلف فتنہ و فساد کو دور کرنے میں اپنے والد مہابت خان کی مدد کرتا اور داد شجاعت دیتا رہتا تھا۔امان اللہ کے اس

عمل کے عوض میں جہانگیر نے کبھی شمشیر اور کبھی خلعت دئے اور پھر ہزار و پانصدی کا منصب عطا کیا (۲۴) اور بعد میں جہانگیر نے ہی سہ ہزاری منصب اور یک ہزار و ہفتصد سوار سے بھی سرفراز کیا (۲۵) نیز ۱۰۳۲ھ میں چہار ہزاری منصب اور خانہ زاد خان خطاب سے بھی سرفراز کیا (۲۶)۔

لیکن جہانگیری عہد میں خانہ زاد خان کا خطاب اور چہار ہزاری منصب رکھنے والا امان اللہ جب شاہ جہاں کے تخت نشین ہوتے ہی لاہور سے آگرہ دربار میں زمین بوسی کے لئے پہنچا تو شاہ جہاں نے خان زمان خان کا خطاب، پنج ہزاری منصب، خلعت خاص و خنجر مرصع مع پھول کٹارہ اور شمشیر مرصع عطا کی۔ اس کے علاوہ مالوہ جیسے زرخیز صوبہ کی صوبہ داری مرحمت فرمائی (۲۷) اور کچھ عرصہ بعد امان اللہ کو مالوہ کی صوبہ داری سے واپس بلا کر مہابت خان کے ساتھ دکن کی صوبہ داری میں معاون قرار دیا (۲۸)۔ وہاں امان اللہ حسینی نے اپنے انتظامات کے ذریعہ امن و امان قائم کیا (۲۹)۔ لیکن ۱۰۴۳ھ (۱۶۳۵-۳۶ء) میں دکنی فوجی قوت بڑھی اور مہابت خان نے دربار شاہی سے فوج اور خزانہ کی درخواست کی۔ نتیجتاً شاہ جہاں نے شاہزادہ محمد شجاع کی ماتحتی میں پچاس ہزار فوج اور چھ لاکھ روپیہ روانہ کیا۔ یہ لشکر مہابت خان کے اشارے پر سال بھر لڑتا رہا لیکن شاہجہان نے کامیابی نہ ملنے پر فوج کو واپس بلالیا۔ فوج کی واپسی پر مہابت خان انتہائی رنجیدہ ہوا اور اس نے اپنے دیوان کاکا پنڈت کو آگرہ جا کر دس ہزار فوج بھرتی کرنے کا حکم دیا۔ مہابت خان کے اس حکم نامہ پر امان اللہ سخت ناراض ہوا اور اپنے والد کا ساتھ چھوڑ کر دربار شاہی میں حاضر ہوا۔ نیز بادشاہ سے اپنے والد کی شکایت کی۔ جس کا سخت افسوس مہابت خان کو ہوا (۳۰) اور یہی افسوس ۱۰۴۴ھ میں مہابت خان کی ہلاکت کا سبب بنا۔

امان اللہ کی زندگی کا ایک واقعہ یہ بھی ملتا ہے کہ شاہجہانی دور میں ایک مرتبہ مہابت خان اور وزیر اعظم آصف خان میں کچھ نوک جھونک ہو گئی اور دونوں نے تلواریں

نکال لیں۔جب آوازیں بلند ہوئیں تو اس جگہ امان اللہ بھی پہنچ گیا۔اس پر آصف خان نے کہا کہ اب میں تمہاری تلوار کے بھی جوہر دیکھوں گا۔مرزا امانی نے جواب دیا کہ ایک بار دیکھ چکے ہو اب پھر دیکھنا چاہتے ہو۔(شاید امانی نے یہ اشارہ ۱۰۳۵ھ کے اس واقعہ کی طرف کیا ہو جب جہانگیر اور آصف خان کو مہابت خان نے اپنی تدبیروں سے قید کیا تھا۔) یہ جواب سن کر آصف خان بے حد شرمندہ ہوا اور یہ پورا واقعہ بادشاہ کی خدمت میں عرض کرنے کے لئے دربار میں پہنچا۔اس کے بعد جب بادشاہ دیوان خاص میں آیا تو اس نے اپنے مقام پر کھڑے مرزا امانی پر فضل و کرم کی نگاہ ڈالی۔ بادشاہ نے اس کے منصب کو دریافت کیا اور اس کے منصب میں ایک ہفتہ کے دوران اضافہ پر اضافہ کیا۔یہاں تک کہ پانصدی منصب سے پنج ہزاری منصب تک پہنچادیا اور اسے خان زمان کا خطاب دیا۔نیز اس کو ایک صوبہ دیا تاکہ اس کی آمدنی سے وہ اپنے لشکر کا سر انجام کرے۔یہ بادشاہ کا فضل و کرم ہی تھا نہ کہ آصف خان کی جسارت کے ساتھ شکایت کا جواب:

"روزی سپہ سالار نواب آصف خان کہ وزیر اعظم بود بارکان دولت در دیوان خانہء بادشاہی صحبت گرم داشتند۔ آصف خان کہ میر مجلس بود شمشیر ہر یکی را طلبیدہ می دید و جوابرابر زبان آوردہ۔مرزا امانی مذکور ھم بعد از واقعہء پدر سلک پانصدیان بود۔ شمشیر خاصہء پادشاہی بنابر عہدہ داری بردوش داشت روی آورد گفت کہ شمشیر شما ہم ببینیم۔مرزا امانی جواب داد کہ یکبار خود دیدہ اند و مکرر خواھند دید انشاء اللہ تعالیٰ و آن کنایہ از آن وقت بود کہ پدرش مہابت خان سابق جہانگیر بادشاہ (و) آصف خان را در جنگ دستگیر کردہ بود۔ آصف خان از آن جواب سخت بخود پیچید۔ واین معنی بجنسہ از اظہار دیدہ بانان بعرض خلیفہء الٰہی رسید۔بعد از آن کہ اعلیٰ حضرت بدیوان خاص تشریف آوردند۔بجانب

مرزا امانی کہ بمراتب خود ایستادہ بود نگاہ تفضل فرمود۔ از منصب او پرسید ند۔ در عرض یک ہفتہ اضافہ براضافہ بخشید ند۔ از پانصدی بمراتب پنج ہزاری و خطاب خان زمانی بر آورد ندو رخصت یکی از صوبہ دار داد ند کہ ساز وسر انجام بہم رساند مطمع نظر انور آن بودنہ چون ایشان بجبرات وجسارت جواب آصف خان دادہ است۔"(۳۱)

شاہ جہاں صاحبقران ثانی نے اپنی اسی مہر بانی کے تحت مہابت خان کے انتقال کے بعد مرزاامان اللہ حسینی کو مہابت خان کے خطاب اور کابل(۳۲) کی صوبہ داری سے بھی سر فراز کیا:

"خانز مان نام پسر مہابت خان است کہ باسم لہراسپ موسوم بود وبعد فوت پدر او نیز بخطاب مہابت خان سر فرازی یافتہ در زمان صاحبقران ثانی بصوبہ داری کابل سر فرازی داشتہ۔"(۳۳)

لیکن صاحب "نشتر عشق" نے مہابت خان کے انتقال کے بعد امان اللہ خان کو مہابت خان کا خطاب دیاجانا جہانگیری عہدمیں تحریر کیاہے:

"مرزا امان اللہ مشہور بخان زمان خلف الصدق نواب خانخانان مہابت خان است کہ از ارکان عمدہء اکبری بودہ ودر سنہ یک ہزار وچہل وشش ازاین سرای فانی ارتحال فرمودہ متوجہ دار باقی گردید میرزاء موصوف بعد انتقال والد بزرگوار خود بعہد سلطنت جہانگیری مخاطب بخطاب مہابت خان خانخانان گردید"۔(۳۴)

جب کہ زمانہ بیگ مخاطب بہ نواب مہابت خان کا انتقال شاہ جہاں کےعہدمیں ہوا۔اس لئے امان اللہ کو مہابت خان خانخانان کاخطاب شاہ جہاں عہدمیں ہی ملاہو گا۔

بہر حال خانہ زاد خان، خان زمان خان اور مہابت خان کا خطاب پانے والے مرزاامان اللہ

حسینی کے ایک بیٹے شکر اللہ (۳۵) اور امان اللہ کے منشی محمد منیر راشد (۳۶) تھے۔ علاوہ برایں امان اللہ کے اساتذہ میں شیخ جلال الدین (۳۷)، شیخ جمال الدین مشہور بہ اولیاء (۳۸)، مولانا جمال اللہ (۳۹)، مولانا میر مرشد (۴۰) اور مولانا میرزا جلال اللہ (۴۱) تھے۔ ان میں مولانا میر مرشد خان مرشد بروجردی امان اللہ کے والد مہابت خان کے یہاں ملازم تھے (۴۲) اور مرزا امان اللہ امانی ان ہی سے مشورۂ سخن لیا کرتے تھے۔ جس کا اندازہ مندرجہ ذیل شعر سے ہوتا ہے:

ای امانی سوختی تا چند شد مغز سخن مرشد ما این غزل را خام می گیرد ہنوز (۴۳)

شاید امان اللہ امانی کو اپنے اساتذہ میں سب سے زیادہ الفت و محبت شیخ جمال الدین مشہور بہ اولیاء سے تھی۔ کیوں کہ وہ شیخ جمال الدین کی سوانح عمری تحریر کرنا چاہتے تھے۔ لیکن تنہائی کی وجہ سے تحریر نہ کر سکے۔ امان اللہ خود اپنے استاد شیخ جمال الدین کو لکھے گئے ایک رقعہ میں تحریر کرتے ہیں:

"درین مدت ہر چند خواست کہ سوانح احوال را بخامۂ اخلاص نگارش دہد اما یگانگی اجازت نداد" (۴۴)

ان کے رقعات کا مطالعہ کرنے سے یہ بھی اندازہ ہوتا ہے کہ انہوں نے جونپور اور فیروز آباد کا سفر اپنے دوستوں سے ملنے اور اجمیر کا سفر سعادت کونین حاصل کرنے کے لئے اختیار کیا۔ بالآخر امانی نے اس جہان فانی سے دار باقی کی طرف کوچ کیا۔ لیکن ان کے سنہ انتقال میں کافی اختلاف معلوم ہوتا ہے۔ صاحب "نشتر عشق" نے تحریر کیا:

"مرزا امان اللہ مشہور بخان زمان خلف الصدق نواب خانخانان مہابت خان است کہ از ارکان عمدۂ اکبری بودہ و در سنہ یک ہزار و چہل و شش ازین سرای فانی ارتحال فرمودہ متوجہ دار باقی گردید۔" (۴۵)

یعنی امان اللہ کا ۱۰۴۶ھ (۴۶) میں انتقال ہوا۔ لیکن صاحب "نشتر عشق" نے آگے خود ہی سراج الدین علی خان آرزو کے حوالہ سے ۱۰۴۴ھ تحریر کیا ہے:

"وخان آرزو وی را تلامذہ مرشدبروجردی دانستہ در سنہ ہفتم جلوس شاہ جہان بادشاہ بحدود یک ہزار و چہل و چہار وفات یافتہ چنانچہ رامی از سال او خبر دہد۔ قطعہ

زدنیا برفت آہ مرزا امانی | کہ بودند ازو مستفیض اہل دنیا
چو جستند سال وفاتش زرامی | "زدار فنا ہای رفتہ" بگفتا (۴۷)

۱۰۴۴ھ

رامی کے مذکورہ قطعہء تاریخ سے بھی ۱۰۴۴ھ برآمد ہوتا ہے۔ یہی نہیں بلکہ مولانا غلام علی آزاد بلگرامی نے بھی تذکرہء "ید بیضا" میں سنہ وفات ۱۰۴۴ھ تحریر کیا ہے:

"مرزا امان اللہ پسر مہابت خان شاہجہانی است اول خانہ زاد خان و بعد ازاں خانزمان خطاب داشتہ و در سنہ اربع و اربعین والف وفات یافتہ"۔(۴۸)

ان کا سنہ انتقال جہاں ۱۰۴۴ھ اور ۱۰۴۶ھ ملتا ہے وہیں صاحب "فرہنگ سخنوران" نے ۱۰۴۷ھ (۴۹) اور صاحب "مفتاح التواریخ" نے ۱۰۴۸ھ لکھا ہے:

"و بعد فوت پدر او نیز بخطاب مہابت خان سرفرازی یافتہ در زمان صاحبقران ثانی بصوبہ داری کابل سرفرازی داشتہ تخلص او امانی است در سنہ ہزار و چہل و ہشت فوت کردہ۔"(۵۰)

اور "سفینہء خوشگو" میں ہے:

"دراوسط عہد شاہ جہان وفات کرد۔"(۵۱)

بہرحال شاہ جہاں کے عہد میں انتقال کرنے والا امان اللہ حسینی، کا اپنے عہد کے صاحب قدر امراء میں شمار ہوتا تھا۔ وہ بہت سے کمالات خصوصاً سپاہیگری کا مالک تھا۔ ملتا ہے:

"مرزا امان اللہ خلف مہابت خان کہ امرای صاحب قدر شاہ جہان بود بجمیع کمالات آراستہ خصوصاً سپاہیگری والدش سپہ سالار بود و خودش صاحب صوبہء بنگالہ۔"(۵۲)

مرزا امان اللہ حسینی سپاہیگری کے ساتھ طبابت کا بھی شوق رکھتا تھا۔ "نشتر عشق" میں ہے:

"شغل طبابت را نیز کار میفرمود۔"(۵۳)

اور صاحب "کلمات الشعراء" نے لکھا ہے:

"در طبابت نیز وقوف را کاری فرمود۔"(۵۴)

علاوہ بر ایں ان کی طبابت کے سلسلے میں "سفینہء خوشگو" میں ہے:

"در طبابت دم از مسیحای زد۔"(۵۵)

مرزا امان اللہ امانی سپاہی اور طبیب ہونے کے ساتھ ساتھ مصنف اور شاعر بھی تھا۔ یہی وجہ ہے کہ انہوں نے نثر میں طب کی کئی کتابیں اور رقعات چھوڑنے کے ساتھ ساتھ ایک دیوان بھی یادگار چھوڑا۔ لازمی ہے کہ امانی کی ان کتابوں کا بھی مختصر تعارف پیش کیا جائے۔

۱۔ گنج باد آورد :

"گنج باد آورد" تقریباً ... صفحات پر مشتمل طب کی ایک ضخیم کتاب ہے۔ جو ۱۰۴۰ھ (۱۶۳۰-۳۱ء) میں مکمل ہوئی۔ جس میں ایک مقدمہ، ایک کلید اور ۱۶ فصلیں ہیں۔ اس میں طب، طلسم، کیمیا، مفرد و مرکب ادویہ اور ہندستانی نباتات کے بارے میں ہے (۵۶)۔ یہ کتاب حکیم امان اللہ خان مخاطب بہ نواب خان زاد خان فیروز جنگ کے علاوہ دارا شکوہ سے بھی منسوب کی جاتی ہے۔

۲۔ رسالہء نخلبندیہ :

یہ رسالہ "گنج باد آورد" کے گیارھویں باب کی نقل ہے۔ اسی نسخہ کا نام "کتاب فلاحت" (مولانا آزاد لائبریری، علی گڑھ، مخطوطہ نمبر علوم فارسیہ ۔۵۱) اور "نسخہء خوش باد" (مخطوطہ ایشیاٹک سوسائٹی آف بنگال) بھی لکھا گیا ہے۔ (۵۷)

۳۔ ام العلاج :

حکیم امان اللہ کی طب میں دوسری کتاب "ام العلاج" ہے۔ جسے امان اللہ نے ۱۰۳۶ھ (۲۷-۱۶۲۶ء) میں جہانگیر بادشاہ کے نام معنون کیا۔ یہ کتاب ایک مقدمہ، ۶ باب اور ۶۳ فصلوں پر مشتمل ہے۔ (۵۸)

۴۔ دستور الھنود :

امان اللہ کی طب میں تیسری کتاب "دستور الھنود" ہے۔ جس کا ذکر محمد شریف خان نے اپنی کتاب "تالیف شریف" کے دیباچہ میں اس طرح کیا:

"دستور الھنود" و "داراشکوہی" "ناقصی را بدست آوردم و آنھا بہرہ بردہ ام"۔

"دستور الھنود" کا راجہ مدن نے فارسی ترجمہ "مدن ہنود" وید کے طریقہء علاج پر کیا ہے۔ اس میں کھانے اور پینے سے متعلق ہے۔ جس میں ایک مقدمہ، دو باب اور ایک خاتمہ ہے۔ (۵۹)

۵۔ مفتاح الحدود :

حکیم امان اللہ حسینی نے اپنی طب کی چوتھی کتاب "مفتاح الحدود" کے دیباچہ میں تحریر کیا:

> "بہ حسب اتفاق "حدود" محمد سجزی را کہ شامل الفاظ مبھمہ و اسماء علل و عبارتی کہ در موءلفات اطبای مندرج است بدست آورد بنا بر آنکہ فارسی زبانان را بہرہ نبود و لغات عربیہ مشکل داشت۔ خواست کہ لغات و عبارت آنرا بہ فارسی ترجمہ کند۔"

یعنی مختلف اطباء نے اپنی تالیفات میں جو مبہم اور عربی کے مشکل الفاظ استعمال کئے ہیں، ان کے معنی کو فارسی میں عام استفادہ کے لئے پیش کیا گیا ہے۔(۶۰)

۶۔ شجرہء نہال:

یہ کتاب بظاہر فارس میں تصنیف کی گئی۔ لیکن اس میں امان اللہ نے نظر ثانی کے بعد ہندستان کی پیداواروں (پھلوں اور فصلوں) کا اضافہ کیا۔(۶۱)

۷۔ ڈرل (Drill) کی مدد سے طریقۂ بوائی:

اس کتاب کا اصل نام دریافت نہ ہو سکا۔ البتہ یہ ضرور ملتا ہے کہ باغبانی اور کسانی سے متعلق امان اللہ نے سترھویں صدی کے شروع میں ایک کتاب تصنیف کی۔ جس میں بیج ڈالنے کے طریقہ کا ذکر کیا گیا۔ جو ہندستان کا ایک پرانا اور عام معمول تھا۔(۶۲)

۸۔ رقعات امان اللہ حسینی:

اس کتاب میں امان اللہ حسینی کے تقریباً سو رقعات ہیں۔ جس میں پہلا رقعہ مرزا جلال الدین حسین نیشاپوری اور آخری رقعہ ایک درویش کی خدمت میں لکھا گیا ہے۔ اس کے علاوہ مولانا قریشی، خواجہ ظہیر الدین، مولانا حبیب کشمیری، شیخ محمود مستوفی، مرزا ابوالقاسم ترمذی، عنایت خان، مولانا پیر کمال، مولانا عبدالشکور، شیخ جمال الدین، مولانا جمال اللہ، مولانا میر سید مرشد، مولانا میرزا جلال اللہ، بابا سلیم درویش، شیخ یوسف سبزواری وغیرہ کے نام بھی رقعات ملتے ہیں۔ امان اللہ کے یہ تمام رقعات رسمی اور دوستانہ ہیں۔ لیکن زیادہ تر رقعات میں نصیحت آمیز جملے ضرور ملتے ہیں۔ ان رقعات کے ذریعہ انہوں نے الگ الگ بخل و خیانت، ظلم، تمنا، بد اخلاقی، بغض و نفاق، خود نمائی، طلب دنیا، عشق مجازی وغیرہ کو ترک کرنے اور عبادت و ریاضت، خدا پر قناعت وغیرہ کو اختیار کرنے پر زور دیا ہے۔ انہوں نے اپنے رقعات میں قرآن، حدیث اور اشعار کا جگہ جگہ استعمال کر کے اپنی بات کو ٹھوس اور مدلل بنانے کی

کوشش کی ہے۔ان کے رقعات کی عبارت چست اور مرغوب ہے۔اسی لئے یہ رقعات مختلف مطابع (محمد فیض اللہ کا تصحیح کردہ ۱۲۴۲ھ میں شائع شدہ نسخہ، مطبع مصطفائی سے ۱۲۶۰ھ میں شائع شدہ نسخہ اور منشی نول کشور سے ۱۲۹۰ھ (۱۸۷۳ء) میں شائع شدہ نسخہ، جو راقم الحروف نے دیکھے) سے کئی مرتبہ شائع بھی ہو چکے ہیں۔اس کتاب کا نام "انشای امان اللہ" (۶۳) بھی ہے۔

۹۔ فوائد المعانی:

یہ حکیم امان اللہ حسینی کے اپنے دوستوں کو لکھے خطوط کا مجموعہ ہے۔اس مجموعہ میں چار فصلیں عرایض و مکاتبات، رقعات، درخواست اور متفرقات ہیں۔(۶۴)

۱۰۔ فرہنگ واژہ های رقعات امان اللہ:

اس سے متعلق زیادہ اطلاعات نہیں ملتی ہیں۔(۶۵)

۱۱۔ دیوان امانیؔ ہندستانی:

امان اللہ امانیؔ نے نثر کی مذکورہ کتابوں اور رقعات کے علاوہ تقریباً تین ہزار اشعار پر مشتمل ایک دیوان بھی یادگار چھوڑا۔اس میں ۲۹۰ غزلیں، ۱۵۹ رباعیات، ۱۵ ترجیع بند اور ایک قصہ بہ طریق مثنوی ہے۔اس کا قلمی نسخہ استاد محترم پروفیسر محمد ولی الحق انصاری کے پاس دیکھنے کا موقع ملا۔یہ نسخہ ابتداء و آخر دونوں سروں پر ناقص ہے۔اس کا مطالعہ کرنے سے قبل یہ بھی اندازہ نہیں تھا کہ یہ امانیؔ ہندستانی کا ہی دیوان ہے یا کسی اور کا۔کیوں کہ صاحب "فرہنگ سخنوران" نے امانیؔ سندھی، امانیؔ اصفہانی، امانیؔ بایبورتی، امانیؔ دہلوی، امانیؔ کرمانی، امانیؔ مازندرانی، امانیؔ ہروی، امانیؔ ہمدانی، امانیؔ کنیز زیب النساء، امانیؔ کابلی اور امانیؔ ہندستانی کے نام گنائے ہیں۔لہٰذا اس بات کی تحقیق کرنا لازمی ہوا کہ زیر مطالعہ دیوان کس کا دیوان ہے؟ اس سلسلہ میں تذکرۂ نشتر عشق، ید بیضا، سفینۂ خوشگو، تذکرۂ نصر آبادی اور کلمات الشعراء میں

موجود امان اللہ امانیؔ ہندستانی کے اشعار کو قلمی دیوان میں تلاش کیا۔ ان تذکروں میں موجود مندرجہ ذیل اشعار قلمی دیوان میں ملے:

ہستی جاوید دارم در لباس نیستی زندہ دل مانند اخگر در تہہ خاکسترم (۶۶)

سادہ لوحی بین سرت گردم کہ بااین انتظار وعدہء وصل از زبان چون توی باور کنم (۶۷)

گر یار شود شمع لحد بعد ہلاکم چون سبزہ بر آید پر پروانہ ز خاکم (۶۸)

در باغ چسان توبہ توان کرد امانیؔ ہر شاخ گلے، ساقی پیمانہ بہ چنگ است (۶۹)

غیر پندارد بلسر دستار در پیچیدہ ام این نہ دستار است در دسر بلسر پیچیدہ ام (۷۰)

دیوان میں مذکورہ اشعار کی موجودگی سے یہ بات واضح ہوئی کہ زیر مطالعہ دیوان مرزا امان اللہ حسینی امانیؔ کابلی ثم ہندستانی کا ہی دیوان ہے۔

استاد محترم پروفیسر ولی الحق انصاری نے نیشنل آرکائوز آف انڈیا، نئی دہلی میں امانیؔ کے ایک دوسرے دیوان (۷۱) کی بھی اطلاع دی۔ پھر استاد محترم پروفیسر سید نیر مسعود رضوی کے مشورہ سے نیشنل آرکائوز آف انڈیا، نئی دہلی میں ملازم جناب سید رضا باقر عرف قمر احسن کی خدمت میں، دیوان میں موجود بعض اشعار تحریر کرکے بھیجے۔ انہوں نے دہلی میں موجود قلمی دیوان میں مندرجہ ذیل اشعار ہونے کی تصدیق کی:

صفیر مرغ گلستان نمی خراشد دل نوای درد ز مرغ شکستہ پای طلب (۷۲)

در خلوتی کہ ہیچ دل از دل خبر نداشت صد نکتہ گفتہ با تو زبان خموش ما (۷۳)

دل سوختہ ہجر تو مستغنی خلد است آتش زدہ مشتاق تو گلزار ارم را

از ہجر و وصال تو کشیدیم و چشیدیم شیرینی و تلخی می شادی و غم را (۷۴)

در سبکروحی امانیؔ بر صبا سبقت گرفت دست قاصد گر ببوسد روی مکتوب مرا (۷۵)

ہزار بحر بجوش آورد ز آب سخن بہر زمین کہ امانیؔ سخن سرا گردد (۷۶)

ہر لحظہ علی مرتضیٰ (ع) میگویم عذر گنہ روز جزا میگویم
باشد بخدا اگر مرا راز سخن از منقبت آل عبا(ع) میگویم (۷۷)
دیدم طلب بلبل و پروانہ یکست وجد صوفی نعرہء مستانہ یکست
بیہوشی و ہوش نیست شرط رہ عشق چون عشق آمد عاقل و دیوانہ یکست (۷۸)
بنوشت بیادگار تاریخ این زمزمہ کار بوالھوس نیست (۷۹)

۱۱۰۱ھ

اس طرح یہ ثابت ہوتا ہے کہ لکھنئو اور دہلی میں موجود دونوں دیوان مرزا امان اللہ حسینی امانی کے ہیں۔ پروفیسر ولی الحق انصاری کے مطابق دہلی میں موجود نسخہ کی دیباچہ کی وجہ سے زیادہ اہمیت ہے۔

دیوان امانی کے مطالعہ سے اس بات کا اندازہ ہوتا ہے کہ امانی قادر الکلام اور زود گو شاعر تھا۔اس نے تقریباً ہر زمین میں طبع آزمائی کی۔خود کہتے ہیں:

ہزار بحر بجوش آورد ز آب سخن بہر زمین کہ امانی سخن سرا گردد

امانی کی زود گوئی کے ثبوت میں مثنوی کے مندرجہ ذیل اشعار پیش کئے جاسکتے ہیں:

زشوق حرف عشقم دل طپان شد سراپایم پے گفتن زبان شد
رخ معنی ز چشم بد نہفتہ چو ماہ چاردہ اندر دو ہفتہ
بپانصد بیت بنمودم تمامش سپندی سوختم وانگہ زنامش
نگشتی شد طبع از شغل دیگر (کذا) دو شب گشتی تمام این بلکہ کمتر (۸۰)

یعنی دو شب سے بھی کم مدت میں امانی نے پانچ سو بیت نظم کرکے مثنوی مکمل کی۔

مختصر یہ کہ مرزا امان اللہ حسینی امانی بہترین سپہ سالار ہونے کے ساتھ ساتھ طبیب بھی تھا۔ علاوہ برایں انہوں نے نثر و نظم، طب اور زراعت میں متعدد یادگاریں بھی چھوڑی ہیں۔جس کے ذریعہ حکیم امان اللہ حسینی امانی تاریخ و ادب میں ہمیشہ ہمیشہ زندہ رہیں گے۔

حواشی

(۱) تفصیلات کے لئے دیکھیے "دانش" شمارہ "۱۰" ص ۱۸۸ تا ۱۹۶، اسلام آباد، پاکستان، ۱۹۸۸ء۔

(۲) سفینۂ خوشگو از بندرابن داس خوشگو، ص ۲۸ مخطوطہ مجلس شورای ملی ایران، فوٹو کاپی مملو کہ پروفیسر محمد ولی الحق انصاری، لکھنئو۔

(۳) جب کہ صاحب مآثر جہانگیری نے غفور بیگ، صاحب توزک جہانگیری نے غیور بیگ کابلی اور صاحب فہرست مشترک نسخہ ہای خطی فارسی پاکستان نے جلد اول میں غیور جنگ کابلی اور جلد پنجم مین غیور بیگ کابلی تحریر کیا ہے۔ (دیکھیے مآثر جہانگیری از خواجہ کامگار حسینی مقدمہ و حواشی از عذرا علوی، ص ۶۷، ایشیا پبلشنگ ہاؤس، بمبئی، ۱۹۷۸ء، توزک جہانگیری تصحیح بہ سید احمد، ص ۱۰، پرائیویٹ پریس، علی گڑھ، ۱۸۶۴ء (۱۲۸۱ھ) اور فہرست مشترک نسخہ ہای خطی فارسی پاکستان از احمد منزوی، جلد اول، ص ۴۹۲ اور جلد پنجم، ص ۱۱۳، مرکز تحقیقات فارسی ایران و پاکستان، اسلام آباد، پاکستان، ۱۹۸۳ء اور ۱۹۸۶ء۔

(۴) فہرست مشترک نسخہ ہای خطی فارسی پاکستان، جلد پنجم، ص ۱۱۳۔

(۵) "تاریخ مشاہیر اسلام" جلد چہارم، ص ۳۶۴ پر درج ہے کہ مہابت خان افغانستان سے اکبر کے دربار میں پہنچا۔

(۶ تا ۸) نیرنگ زمانہ از شیخ علی حسن، ص ۱۰، ۳۳ اور ۶۵، نظامی پریس، لکھنئو۔

(۹) ایضاً ص ۸۶ و مفتاح التواریخ از طامس ولیم بیل، ص ۲۵۸، مطلع الاخبار، آگرہ، ۱۸۴۹ء۔

(۱۰) ایضاً ص ۱۱۳ اور صاحب منتخب التواریخ نے ص ۲۲ پر ۱۰۳۶ھ تحریر کیا ہے۔ (دیکھیے منتخب التواریخ از حکیم جواہر لعل، ص ۲۲، منشی نول کشور، لکھنئو، ۱۸۶۰ء)۔

(۱۱) منتخب التواریخ، ص ۲۳۔

(۱۲ و ۱۳) نیرنگ زمانہ، ص ۱۱۲ و ص ۱۶۰۔

هر لحظه علی مرتضیٰ (ع) میگویم عذر گنه روز جزا میگویم
باشد بخدا اگر مرا راز سخن از منقبت آل عبا(ع) میگویم (۷۷)
دیدم طلب بلبل و پروانه یکست وجد صوفی نعرهء مستانه یکست
بیهوشی و هوش نیست شرط ره عشق چون عشق آمد عاقل و دیوانه یکست (۷۸)
بنوشت بیادگار تاریخ این زمزمه کار بوالهوس نیست (۷۹)

۱۱۰۱ھ

اس طرح یہ ثابت ہوتا ہے کہ لکھنئو اور دہلی میں موجود دونوں دیوان مرزا امان اللہ حسینی امانیؔ کے ہیں۔ پروفیسر ولی الحق انصاری کے مطابق دہلی میں موجود نسخہ کی دیباچہ کی وجہ سے زیادہ اہمیت ہے۔

دیوان امانیؔ کے مطالعہ سے اس بات کا اندازہ ہوتا ہے کہ امانیؔ قادر الکلام اور زود گو شاعر تھا۔اس نے تقریباً ہر زمین میں طبع آزمائی کی۔خود کہتے ہیں:

هزار بحر بجوش آورد ز آب سخن بهر زمین که امانیؔ سخن سرا گردد

امانیؔ کی زود گوئی کے ثبوت میں مثنوی کے مندرجہ ذیل اشعار پیش کئے جاسکتے ہیں:

زشوق حرف عشقم دل طپان شد سراپایم پے گفتن زبان شد
رخ معنی ز چشم بد نهفته چو ماه چارده اندر دو هفته
بپانصد بیت بنمودم تمامش سپندی سوختم وانگه زنامش
نگشتی شد طبع از شغل دیگر (کذا) دو شب گشتی تمام این بلکه کمتر (۸۰)

یعنی دو شب سے بھی کم مدت میں امانیؔ نے پانچ سو بیت نظم کر کے مثنوی مکمل کی.

مختصر یہ کہ مرزا امان اللہ حسینی امانیؔ بہترین سپہ سالار ہونے کے ساتھ ساتھ طبیب بھی تھا۔ علاوہ برایں انہوں نے نثر و نظم، طب اور زراعت میں متعدد یادگاریں بھی چھوڑی ہیں۔جس کے ذریعہ حکیم امان اللہ حسینی امانیؔ تاریخ و ادب میں ہمیشہ ہمیشہ زندہ رہیں گے۔

(۱۴) مفتاح التواریخ، ص ۲۵۸ ۔ صاحب مفتاح التواریخ کا خیال ہے کہ مہابت خان کا جہانگیر کو قید کرنے اور آخر عمر میں شاہ جہاں کا ساتھ چھوڑنے کی وجہ سے "خرمرد" تاریخ بر آمد کی گئی ہے۔

(۱۵) ایضاً ص ۲۵۹۔

(۱۶) ایضاً ص ۲۵۹، نیرنگ زمانہ، ص ۱۶۰ اور کلمات الشعراء از محمد افضل سرخوش مرتبہ محمد حسین محوی لکھنوی، ص ۲۰۱، مدراس یونیورسٹی اسلامک سریز، مدراس، ۱۹۵۱ء۔

(۱۷) فہرست مشترک نسخہ ھای خطی فارسی پاکستان، جلد پنجم، ص ۱۱۳۔

(۱۸) نیرنگ زمانہ، ص ۱۴۲۔

(۱۹) مفتاح التواریخ، ص ۲۵۹۔

(۲۰) ایضاً ص ۲۲۹ ۔ مادہء تاریخ میں "بوستان دولت" سے "سروی" (جو الف کی طرح ایک سیدھا درخت ہوتا ہے اس لئے مادہء تاریخ سے الف کے ایک عدد) کا تخرجہ ہے۔

(۲۱) نیرنگ زمانہ، ص ۱۵۲۔

(۲۲) دیکھیے فرھنگ سخنوران از دکتر عین خیام پور، تبریز، ۱۳۴۰ش ھ۔

(۲۳) رقعات امان اللہ حسینی از امان اللہ حسینی، ص ۱۹، منشی نول کشور، ۱۲۹۰ھ (۱۸۷۳ء)۔ کتاب میں مادہء تاریخ کے نیچے ۹۸۵ لکھا ہے۔ لیکن قطعہء تاریخ کے تیسرے مصرع میں "روی دانش" سے اندازہ ہوتا ہے کہ دانش کا رو یعنی "د" کے عدد کا مادہ میں تعمیہ ہے۔ اس طرح تاریخ تولد ۲ ذی قعدہ ۹۸۹ھ ہوئی۔

(۲۴) نیرنگ زمانہ، ص ۲۳۔

(۲۵) مآثر جہانگیری، ص ۲۵۵۔

(۲۶) ایضاً ص ۲۶۷ و توزک جہانگیری، ص ۲۵۹ (منصب کی تفصیلات کے لئے ملاحظہ ہو توزک جہانگیری)۔

(۲۷ تا ۳۰) نیرنگ زمانہ، ص ۱۲۴، ۱۳۰، ۱۳۳ و ۱۵۰-۵۱۔

(۳۱) سفینۂ خوشگو، ص ۲۹۔

(۳۲) لیکن شاید امان اللہ خان امانی حسینی کو کابل کی صوبہ داری کے دوران پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑا اور غالباً اسی لئے انہوں نے کابل سے دکن کی طرف منتقلی کے موقع پر کہا:

ازمردم کابل دلم آزرد امانی زین ملک چو پرواز کنم در دکن افتم

(مخطوطہ دیوان امانی، ص ۱۷۸)

(۳۳) مفتاح التواریخ، ص ۲۵۹۔

(۳۴) مخطوطہ تذکرہ، نشتر عشق از حسین قلی خان عاشقی عظیم آبادی ورق "حل" مخطوطہ نمبر ۸۶۸، سلطان المدارس لائبریری، لکھنؤ، تالیف ۱۲۳۳ھ۔

(۳۵) نیرنگ زمانہ، ص ۱۴۲۔

(۳۶) فہرست مشترک نسخہ ھای خطی فارسی پاکستان، جلد پنجم، ص ۱۱۸۔

(۳۷ تا ۴۱) رقعات امان اللہ حسینی، ص ۵، ۲۱، ۲۱، ۲۱ اور ۳۴۔

(۴۲) اویماق مغل از میرزا محمد عبدالقادر خان، ص ۸۸-۴۸۷، مطبع روز بازار، امرتسر، ۱۳۱۹ھ۔

(۴۳) سفینۂ خوشگو، ص ۲۹، مرشد خان مرشد بروجردی کا ۱۰۳۰ھ میں انتقال ہوا اور رامی نے تاریخ وفات اس طرح نکالی:

مرشد کامل تصوف مشربی بادل مایوس زیر خاک خفت
رامی غمگین بسال رحلتش مرشد از عالم شدہ ای وای گفت

۱۰۳۰ھ

تفصیلات کے لئے دیکھئے "نشتر عشق" ورق "مح"۔

(۴۴) رقعات امان اللہ حسینی، ص ۲۱۔

(۴۵) نشتر عشق ورق "حل"۔

(۴۶) یہی سنہ فرہنگ سخنوران اور فہرست مشترک نسخہ ہای خطی فارسی پاکستان، جلد اول، ص۴۹۲ پر بھی ملتا ہے۔

(۴۷) نشتر عشق، ورق "حل"۔

(۴۸) تذکرہ ید بیضا از مولانا غلام علی آزاد بلگرامی، ص۲۳، مخطوطہ خدا بخش اورینٹل پبلک لائبریری، پٹنہ، فوٹو کاپی مملوکہ منیر جہاں، لکھنؤ۔

(۴۹) یہی سنہ تذکرۃ الشعراء میں بھی ملتا ہے۔(دیکھیے تذکرۃ الشعراء از محمد عبدالغنی خان، انسٹی ٹیوٹ گزٹ، علی گڑھ ۱۹۱۴ء)۔

(۵۰) مفتاح التواریخ، ص۲۵۹۔

(۵۱) سفینہ خوشگو، ص۲۹۔

(۵۲) تذکرہ نصر آبادی از میرزا محمد طاہر نصر آبادی اصفہانی، ص۵۹، چاپ خانہ ارمغان، تہران، ۱۳۱۷، شمسی ہجری۔

(۵۳) نشتر عشق، ورق "حل"۔

(۵۴) کلمات الشعراء، ص۷۔

(۵۵) سفینہ خوشگو، ص۲۹۔

(۵۶) جب کہ احمد منزوی نے فہرست مشترک نسخہ ہای خطی فارسی پاکستان، جلد اول، ص ۲۰۰، پر گنج باد آورد کے تحریر ہونے کا سنہ ۱۰۳۵ھ (۱۶۲۵ء) لکھا ہے اور راقم الحروف نے طبیہ کالج، علی گڑھ میں موجود مخطوطہ گنج باد آورد میں لکھی تاریخ:

سال ختمش از خرد جستم و گفت "ختم" شد تاریخ ختم این کتاب

۱۰۴۰ھ

کی بنیاد پر ۱۰۴۰ھ تحریر کیا ہے۔

(۵۷) تفصیلات کے لئے ملاحظہ ہو راقم الحروف کا مضمون "رسالہ نخلبندیہ کا مصنف اور مآخذ"

"دانش" شمارہ "۱۰" ص ۱۸۸ تا ص ۱۹۶، اسلام آباد، پاکستان، ۱۹۸۸ء (۱۳۶۶ش ھ)۔

(۵۸) فہرست مشترک نسخہ ھای خطی فارسی پاکستان، جلد اول، ص ۴۹۲۔ خدا بخش اورینٹل پبلک لائبریری، پٹنہ، مخطوطہ نمبر ۱۰۹۸ Acc No. اور ۲۵۸۹۔ H.L. No. جب کہ کتاب خانہ ندوۃ العلماء، لکھنؤ میں موجود مخطوطہ "ام العلاج" ۶۱ فصلوں پر مشتمل ہے۔ اس میں باب سوم میں کل چھ فصلیں ہیں اور احمد منزوی کے مطابق باب سوم میں آٹھ فصلیں ہیں۔ بقیہ ابواب یعنی باب اول (۱۰ فصلیں)، باب دوم (۱۵ فصلیں)، باب چہارم (۴ فصلیں) باب پنجم (۶ فصلیں) اور باب ششم (۲۰ فصلیں) میں فصلوں کی تقسیم یکساں ہے۔

(۵۹ و ۶۰)۔ فہرست مشترک نسخہ ھای خطی فارسی پاکستان، جلد اول، ص ۷۲۔ ۵۷۱ و ۷۴۰۔

(۶۱ و ۶۲) مغل ہندوستان کا طریق زراعت از ڈاکٹر عرفان حبیب ص ۶۲۔۵۶۲ و ۵۰، ترقی اردو بورڈ، دہلی۔

(۶۳ تا ۶۵) فہرست مشترک نسخہ ھای خطی فارسی پاکستان، جلد پنجم، ص ۱۱۴، ۱۱۸ اور ۱۱۸۔

